17-07-2026

Time:09:25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی صدارت میں شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کاایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس دوران وہاں موصول ہونے والے نذرانوں اور عطیات کے انتظامی نظام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اجلاس میں نذرانوں کی وصولی، گنتی، حساب کتاب،اسے محفوظ رکھنے اور استعمال کے تمام مراحل کا جائزہ لیتے ہوئے شفافیت، جوابدہی اور معیاری ضابطوں پر سختی سے عمل درآمد پر زور دیا گیا۔

NEET

قومی ایجنسی متعلق امتحانات سے NTA نے نیٹ انڈرگریجویٹ2026کے نتائج کا اعلان کیا ہے۔ اس امتحان میں شامل ہوئے قریب 20لاکھ طالب علموں میں سے 11لاکھ 21ہزار طالب علموں کو طبی، ڈینٹل، آیوش اور دیگر منسلک پروگراموں میں داخلہ کیلئے کامیاب قرار دیاگیاہے۔

نیٹ کیلئے اس امتحان میں 138طالب علمونے690سے بھی زیادہ نمبرات حاصل کئے ہیں۔ ان میں جموں کشمیر کے دو طالب علم بھی شامل ہینجن کے نام ہادیہ نثار اور زیدان وانی بتائے گئے ہیں۔

قومی سط پر یہ امتحان ٹاپ کرنے والے طالب علم پنجاب کے آریان گپتااور ہریانہ کے پنشل بنسل ہیں۔دونوں طالب علموں نے715نمبرات حاصل کے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کی صدارت میں اعلیٰ سط کی ایک میٹنگ کے دوران محکمہ جیالوجی اینڈ مائیننگ کی طرف سے مرتب کئی گئی 2026کی چھوٹے درجے کی کان کنی سے متعلق مجوزہ پالیسی تفصیلی تبادلہ خیال کیاگیا۔

چیف سیکریٹری نے جموں کشمیر میں قانونی اعتبار سے ایک فعال ، ٹیکنالوجی سے چلنے والی اور دیرپامائینںگ گورننس یقینی بنانے پر زور دیا ۔

اٹل ڈلو نے روایتی کان کنی سے جڑے طبقوں کے روزگار کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے ایک صاف وشفاف ڈیجیٹل ماحول تیار کرنے کی ضرورت اجاگر کی جس سے کان کنی کے کاموں میں ان کی شمولیت پورے حق کے ساتھ بنی رہے ۔

اعجاز اسد

محکمہ دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ پردھان منتری آواس یوجنا (گرامین) کے تحت مکانوں کی صد فیصد تعمیر 30جولائی تک مکمل کریں۔ انہوں نے اس کام میں کسی بھی غیر ضروری تاخیر اور متعلقہ فہرست سے کسی بھی مستحق کنبے کا نام ہٹانے کے خلاف سخت انتباہ دیا۔

محکمہ کے سینئر افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران یہ جانکاری دی گئی کہ تاحال 98فیصدی مکانوں کو مکمل کیا جاچکا ہے۔ سیکریٹری موصوف نے ان مکانوں کی تعمیر کام کے پورے معیار کے ساتھ کرانے کی ہدایت دی۔

حج

حج 2027کیلئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں اب محض چند ہی دن باقی رہ گئے ہیں۔

اطلاعات کے مطابق ابھی تک جموں وکشمیر حج کمیٹی کو صرف 2ہزار 7سو درخواستیں موصول ہوئی ہیں جبکہ اس سال حج کمیٹی کے پاس لگ بھگ 8ہزار حج سیٹوں کا کوٹہ موجودہے۔

اس تعلق سے جموں وکشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹیو آفیسرڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاش وانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

------Dr Shujat-----

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ ساڑھے 3 لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا کے درشن کئے ہیں۔اطلاعات کے مطابق آجصبح8بجے تک مزید 2ہزار57 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی ہے۔

دریں اثناءآج جموں کے بھگوتی نگر یاتری نواس سے 4ہزار649یاتریوں پر مشتمل16واں جتھہ وادی کی طرف روانہ کیاگیاہے ۔

سکالر شپ

تکنیکی تعلیم کے کُل ہند کونسل نے جموں کشمیر کے طالب علموں کیلئے تعلیمی سیشن2026-27کے لئے خصوصی سکالر شپ سکیم کے تحت رجسٹریشن اور کونسلنگ کاعمل شروع کیا ہے۔ کو پورے خطے مینمتعلقہ طالب AICTE اس مقصد کیلئے جموں کشمیر کے محکمہ اعلیٰ تعلیم نے علموں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کیلئے سہولیاتی مراکز قائم کرنے کی ہدایت دی ہے ۔ کونسل کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق رجسٹریشن اور کونسلنگ کے لئے آن لائن پورٹل کل یعنی 16جولائی سے ہی فعال ہوگیاہے۔

بک فیسٹول

سرینگر میں کل یعنی 18جولائی سے شروع ہونے والے بڑے کتاب میلے کے سلسلے میں تمام تیاریاں مکمل ہیں۔ چنار بک فیسٹیول کا یہ تیسرا شمارہ26جولائی تک جاری رہے گا، جس میں مختلف موضوعات کا احاطہ کرنے والی کتابوں کا ضخیم خزانہ فروخت کیلئے دستیاب رہتا ہے۔

اس فیسٹول میں ملک بھر سے پبلشرز اپنی خدمات دستیاب رکھتے ہیں۔سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنراکشے لابرو نے اس سلسلے میں کل جھیل ڈل میں ایک شکاراریلی کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت24 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ